بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# نعتوں اور نظموں کے بیک گراؤنڈ میں تلوار سے تلوار ٹکرانے کی آواز لگانے کا حکم

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آج کل بہت سی نعتیں اور نظمیں ایسی ہیں جن میں تلوار سے تلوار ٹکرانے کی آواز لگائی جاتی ہے۔ کیا ایسی نعتیں ساز وغیرہ میں داخل ہوں گی یا نہیں؟ اور ان کے سننے کا کیا حکم ہے؟

**سائل: عبدالسلام**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

ایسی آواز موسیقی میں شامل نہیں ہے، اس لیے ایسی نعتیں یا نظمیں سننے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**واللہ اعلم بالصواب**

**12-مارچ 2021ء**